# سوالات پوچھیں

## ٹپ سیکھیں

1. **کتاب کے تعلق سے پرجوش ہونے کے لیے سوالات پوچھیں**: کتاب کے سرورق پر نظر ڈالیں۔ چند صفحات ملاحظہ فرمائیں۔ کہانی میں جو کچھ واقع ہو سکتا ہے اس کے بارے میں بات کریں۔
2. **کتاب میں موجود الفاظ سے متعلق سوالات پوچھیں**: جب کوئی مشکل لفظ ہو تو اس کے بارے میں بات کریں کہ اسے کیسے بولا جائے۔ الفاظ کے معنی کے بارے میں بات کریں۔
3. **کتاب میںپیش آنے والے واقعہکے بارے میں سوالات پوچھیں**: پڑھتے وقترکیں اور بات کریں۔ کتاب ختم ہو جانے پرجو پیش آیا یا جو آپ نے سیکھا اس کے بارے میں بات کریں ۔
4. **ایک داستان گوکی طرح کتاب کو کیسے پڑھا جائے اس سے متعلق سوالات پوچھیں**: الفاظ کو آسانی سے پڑھنے اور جملے کو وضاحت کے ساتھ پڑھنے کی مشق کریں۔

**یہ ٹپ ہی کیوں؟**

کتابوں کے بارے میں بات کرنا آپ کے بچے کو مزید الفاظ سیکھنے اور جو وہ پڑھ رہے ہیںاس سے متعلق سوچنے میں مدد کرنے کا ایکآسان طریقہ ہے ۔ مزید برآں، اس سے آپ ایک دوسرے کو بہتر طریقے سے جان جاتے ہیں!

## اپنے بچے سے پوچھیں

*چھوٹے بچوں کے لیے*

- آپ کینظرمیںیہ کتاب کس چیز سے متعلق ہوگی؟ کتاب کی کونسی چیز آپ کو ایسا سوچنے پر مجبور کرتی ہے؟
- یہ لفظ مشکل ہے۔ آئیے آرام سے کرتے ہیں۔ آپ کو کون سے حروف نظر آتے ہیں؟
- اس کہانی میں سب سے پہلے کیا ہوا؟ مجھے کتاب میں دکھائیں۔

*بڑے بچوں کے لیے*

- اس کتاب کو پڑھ کر آپ کیا سیکھ سکتے ہیں
- آپ کے خیال میں آگے کیا ہوگا؟ کیوں؟
- آپ کو اس لفظ میں کون سا حروف کا مجموعہ نظر آتا ہے؟
- آئیے اسے آخری بار دوبارہ پڑھیں اور کہانی سنانے والے کی طرح بولنے کی کوشش کریں۔

## دل کھول کرمشق کریں

کسی کے گھر یا لائبریری میں اپنے دوستوں اور خاندان والوں کے ساتھ ایک بک کلب کی میزبانی کریں۔ کھانے کا اہتمام کریں اور یہ ایک پارٹی ہے!
ایسے سبھی لوگوں کو جو پڑھنا چاہتے ہیں انہیں کم سے کم بچوں کی ایک کتاب لے کر آنے کے لیے مدعو کریں۔ یہ ایک ایسی کتاب ہو سکتی ہے جسے انہوں نے پہلے ہی پڑھ لیا ہے اور پسندیدہ رہی ہے یا اس کے علاوہ کوئي اور کتاب۔ اگر آپ کے بچے چھوٹے ہیں تو تصویری کتابوں سے وابسطہ رہیں۔ اس کے بعد کتابوں کا تبادلہ کریں۔

- چند ہفتوں یا اس سے زیادہمیںپھر اکٹھا ہوں اور کتابوں سے متعلق گفتگو کریں۔ آپ درج ذیل باتیں پوچھ کر گفتگو کو جاری رکھنے میں مدد کر سکتے ہیں:
- تو یہ کتاب کس چیز کے بارے میں تھی؟
- اس کتاب کا سب سے اچھا حصہ کون سا تھا؟ کیوں؟
- اس سے آپ کو اور کون سی کتاب یا کہانییاد آئی؟